Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

18 دسمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

یہ سال نئی دِقتوں اور مشکل انتخابات کا سال رہا ہے، جس میں ملکر غیر یقینی صورت حال کا سامنا کرتے ہوئے ہماری اجتمائی قوت اور برداشت کا امتحان لیا گیا ہے۔ ہمارے لیے ملک کے سب سے بڑے عوامی تعلیمی نظام کے اسکولوں کی بنیادی ساخت کی تعمیرنو ضروری ہوگئی تھی، کیسے " کلاس میں جائیں" سے لیکر گریڈ دینے کی پالیسی، حاضری اور اسکے درمیان تمام معاملات تک۔

آج میں آپ کو آپ کے بچے کی تعلیم کے ایک دوسرے بنیادی ستون کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے تحریر کر رہا ہوں: اس سال ہائی اسکول درخواست اور اندراج کا طریق کار، جو 18 جنوری کے ہفتے میں کھلے گا۔ ہماری مہینوں سے خاندانوں کے ساتھ بات چیت اور مسابقت طلب لمحات میں ضروریات کی تکمیل کرنے والی ہائی اسکولوں کے داخلہ کی نئی پالیسی تشکیل دینے کے لیے محتاط جائزہ لینے پر کام کرتے ہوئے میں آپ کے صبر و تحمل کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اب جب کہ ہم 2021 خزاں کے منتظر ہیں، یہ نئی پالیسی آپ کے بچے اور ساتھ ہی انکے 69,000 گریڈ آٹھ کے ہمسروں کے تعلیمی سفر میں بہتر طور پر مدد کرے گی۔

نیو یارک شہر میں تقریباً کل 250 ایسے ہائی اسکول واقع ہیں جن کی جغرافیائی ترجیحات ہیں، جوکہ ہمارے انتھک محنت کرنے والے طلبا کے لیے ان کی رہائش کی بنیاد پر اعلی مانگ والے اسکولوں میں شرکت کے مواقع کو محدود کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ، 126 ہائی اسکول ایسے ہیں جو تعلیمی ریکارڈز، آڈیشن، حاضری، خاص تشخیصات انٹرویوز یا دیگر طریقوں کے استعمال کے ذریعے داخلوں کے لیے طلبا کی چھان بین کرتے ہیں۔ ماضی میں یہ ایک طالبِ علم کے ایک اسکول میں داخلے کی قابلیت کا تعین کرنے کے لیے ان کے تعلیمی ریکارڈ کو استعمال کرتے رہے ہیں۔ جن تبدیلیوں کا اشتراک آج ہم آپ کے ساتھ کر رہے ہیں ان کا تعلق ان تمام اسکولوں سے ہے۔

اس سال میرے طالبِ علم کی جائے رہائش ان کی ہائی اسکول درخواست کو کس طرح متاثر کرے گی؟

- تمام اہلِ خانہ کے لیے ایک مزید مساوی طریق کار کی غرض سے، ہائی اسکولوں میں داخلے کے لیے جغرافیائی ترجیحات کو اگلے دو سالوں میں بتدریج ختم کر دیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے، اگلے سال کے بعد، طالبِ علم کے لیے ایک مخصوص اسکول میں داخلے کے امکانات کا تعین صرف اس کی رہائش کے جائے وقوع کے ذریعے نہیں کیا جا سکے گا۔
- ہائی اسکول داخلہ کے لیے ضلع کی ترجیحات کو اس سال مستقل طور پر ختم کر دیا جائے گا اور تمام دیگر جغرافیائی ترجیحات — جیسے کہ برو میں رہائش کے تقاضے— کو اگلے سال ختم کر دیا جائے گا۔

میرے بچے کی تعلیمی کارکردگی اس سال ان کی ہائی اسکول کی درخواست کو کس طرح متاثر کرے گی؟

- ہائی اسکولوں میں بقایا چھان بین کے طریقوں کے لیے، اسکول اگلے سال کے لیے چھان بین کے طریقے کو ختم کرنے یا اس میں ترمیم کرنے کا یا ان کو برقرار رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- جو اسکول تعلیمی چھان بین کو برقرار رکھیں گے ان کی اپنے طریق کار میں مساوات کا اضافہ کرنے کے لیے یا تو اس وقت اضافی جانچ کو ختم کرنے کا انتخاب کر کے، یا داخلہ ترجیحات میں تنوع کا اطلاق کر کے ایک متفقہ کوشش کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
  - o نیو یارک شہر کے تقریباً 100 پبلک اسکول فی الوقت طلبا کے اہدافی گروپس کو ترجیح دیتے ہیں بشمول، لیکن انہی تک محدود نہیں، کم آمدنی والے طلبا، انگریزی زبان کے متعلمین اور عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا۔ ہم مزید اسکولوں کو مختلف پس منظر رکھنے والے تمام طلبا کی رسائی کو وسعت دینے کی دعوت دیتے ہیں۔
- جو اسکول تعلیمی چھان بین کو برقرار رکھیں گے، وہ 2018-2019 کے ریاستی امتحان ، گزشتہ سالوں کے گریڈز کے امتزاج اور / یا دیگر طریقوں کو استعمال کریں گے، اس کا انحصار اسکول کی انتظامیہ کے معیار پر ہے۔
- اسکولوں سے ان کی تعلیمی چھان بین کے معیار کو MySchools پر عوام کے لیے شائع کرنا مطلوب ہو گا۔

جغرافیائی ترجیحات اور تعلیمی چھان بین کرنے والے اسکولوں کے علاوہ، شہر میں متخصص ہائی اسکول بھی واقع ہیں۔ ریاستی قانون محکمئہ تعلیم سے ان اسکولوں میں داخلے کے لیے متخصص ہائی اسکول داخلہ امتحان (SHSAT) دینے کا تقاضا کرتا ہے۔ ہمارے عملے اور طلبا کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے، سفر میں اور طلبا کے مختلف مجموعوں میں کمی کرنے کے لیے SHSAT امتحان طلبا کے اپنے مڈل اسکول میں دیا جائے گا۔ امتحان کے لیے رجسٹریشن کا آغاز بروز پیر، 21 دسمبر، 2020 اور اختتام 15 جنوری، 2021 کو ہو گا۔ امتحان کے انعقاد کا آغاز جنوری کے اواخر میں ہو گا۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ہم تبدیلیاں کیوں کر رہے ہیں؟

بحیثیت چانسلر، یہ میری ذمہ داری ہے کہ آپ کے ہر ایک بچے کو اعلٰی ترین معیار کی ممکنہ تعلیم فراہم کروں، تاکہ وہ ایک کامیاب، ثمر آور زندگی کے لیے تیار ہوں اور اپنے خوابوں کی تعبیر کے لیے درکار صلاحیتوں سے لیس ہوں۔ ہمارے لیے شہر اور اسکول نظام میں ایسی پسِ پردہ عدم مساوات کے خلاف کام کو جاری رکھنا لازمی ہے، جس میں اس سال سیاہ فام برادریوں، تارکینِ وطن خاندانوں، اور ان طلبا پر COVID -19 کے غیر متناسب صحتی بحران کے اثرات کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے جن کے والدین کے پاس گھر پر رہ کر کام کرنے کا انتخاب نہیں تھا۔

جبکہ اس مقصد کے حصول کے لیے بہت سا کام رہتا ہے، داخلوں میں یہ تبدیلیاں نظام کو درپیش مشکلات کو حل کرنے میں مدد کریں گی۔ یہ اہلِ خانہ، طلبا اور چھان بین کرنے والے اسکولوں کے قائدین کی تشویشات سے خطاب کریں گی کہ جن طریقوں سے چھان بین کئی طلبا کو فائدہ پہنچانے والی تعلیم حاصل کرنے میں ایک رکاوٹ ہے۔ اس لیے ہم عملی اقدامات کر رہے ہیں۔

ہم اپنے اسکولوں اور دفاتر میں رہنمائی اور مختلف نئے وسائل فراہم کریں گے تاکہ ہم آپ کو اپنے طالب علم کے لیے اس طریقۂ کار سے گزرنے میں اور آپ کو ایک بہترین ہائی اسکول تلاش کرنے میں مدد دے سکیں۔ آپ طریق کار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/high پر جاکر آغاز کر سکتے ہیں اور myschools.nyc پر درخواست کا دورانیہ کھلنے پر تیار رہنے کے لیے اپنا MySchools اکاؤنٹ بنائیں۔ اپنے بچے کے اسکول مشیر سے بلاجھجک رجوع کریں - یہ اس طریقۂ کار کے دوران آپ کے رہنما ہونگے۔ آپ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز سے رابطہ کر سکتے ہیں (ذیل پر جانیں کس طرح(schools.nyc.gov/WelcomeCenters) یا **718-935-2009**.پر رابطہ کریں۔

یہ تبدیلیاں ظاہر کرتی ہے کہ ہماری اقدار عمل بن سکتی ہیں، اور کوئی پالیسی، یا کام کرنے کا طریقہ اتنا سخت نہیں ہے کہ ان میں ہمارے تمام بچوں کی خدمت کی خاطر ترمیم نہ کی جا سکے۔ ہم ایسے اسکولوں میں یقین رکھتے ہیں جو تمام بچوں کو بہترین ممکنہ تعلیم فراہم کرنے کے لیے یکساں مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ ابھی اور بہت کچھ کرنا باقی ہے، لہٰذا ہم اسکول برادریوں سے مزید بات چیت کا آغاز کریں گے تاکہ ستمبر 2021 کے بعد چھان بین کے طریقے کے استعمال کے بارے میں معلومات کو فراہم کرنے میں مدد مل سکے۔

میں آپ کے باہمی تعاون کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہم اسے یقینی بنانے کے مقصد میں متحد ہیں کہ — آپ کا بچہ اور اس کے 1.1 ملین ہمسر— دنیا کے سب سے عمدہ شہر میں بہترین ممکنہ تعلیم حاصل کر سکیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم